13-07-2026

09:25 am

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں مبشر رفاعی

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہانے کہا ہے کہ بھارت کی سب سے بڑی طاقت اس کی عظیم روحانی، سائنسی اور ثقافتی شناخت ہے اور اب اس عظیم تہذیبی وارثت کو جمونو کشمیر کے نوجوانواں کی خود انحصاری اور یوٹی کی تعمیر کے لئے مشعل راہ بنانے کا وقت آگیاہے۔

وہ لل دید لٹریچر ایوارڈاور ڈاکٹر ویدیہی تمن کی تصنیف "لل دید: دی مدر آف کشمیر" کی رسم رونمائی کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔اس موقعے اُنہوں نے کہا کہ ہمارے اَسلاف نے سائنس اور گہرے روحانی آقدار میں توازن قائم کرکے یہ ثابت کردیا کہ ہندوستان کی تعمیر اور ترقی کے لئے سائنسدانوں اور روحانیت کے پیشوا دونوں کی ضرورت ہے ۔

منوج سنہا نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو اپنی تہذیبی جڑوں سے جوڑنااور انہیں مقصد کے ساتھ حدود سے باہر سوچنے کی ترغیب دینا ادیبوں کی ذمہ داری ہے۔

...................LG V/o........

تقریب میں اُتراکھنڈ کے سابق وزیر اعلیٰ تیرتھ سنگھ راوت ، پدم شری ڈاکٹر ایس پی ورما اورکئی ممتاز ادبی شخصیات کے علاوہ ، پولیس اور سیول انتظامیہ کے افسران بھی مود تھے۔

یوا بھارت

امورنوجوان اورکھیل کود کی مرکزی وزارت نے میرا یوا بھارت کے ذریعے ملک گیر مہم 'نشہ مکت یوواافار وکست بھارت' کے دوسرے مرحلے کا آغاز کیا ہے۔ اس مہم کے تحت3سطحی فارمیٹ میں مقابلے منعقد کئے جائینگے جن میں 15سے 29سال کی عمر کے نواجوان حصہ لے سکتے ہیں۔

اس مہم کے تحت پہلے ضلعی سطح پر بعدمیں ریاستی اور آخرمینقومی سطح پرمقابلے منعقد کئے جائیں گے۔

پورٹل پر رجسٹریشن کا عمل آج سے شروع ہورہاہے-MY Bharat وزارت کے مطابق

ضلعی سطح کے مقابلے اس ماہ کی 24سے27تاریخ تک منعقد کئے جائیں گے۔

فلم فیسٹول

محکمہ اطلات و تعلقات عامہ نے دنیا بھر کے فلم سازوں سے جموں و کشمیر انٹرنیشنل فلم فیسٹیول2026- میں شرکت کے لیے فلمیں طلب کی ہیں۔فلمیں 31 جولائی 2026 تک داخل کی جا سکتی ہیں۔ متعلقین سے کہا گیا ہے کہ وہ اس سلسلے میں مزید جانکاری ویب سائٹ www.iffjk.org - سے حاصل کریں

واضح رہے جموو کشمیر فلم فسٹول2026 سات سے 10 ستمبر 2026 تک SKICC سرینگر میں منعقد ہو گا،جس کا مقصد جموں و کشمیرکوسینما، ثقافت اور تخلیقی تبادلے کے لیے ایک متحرک مقام کے طور پیش کرنا ہے۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترادونوں روایتی راستوں بالتل اور پہلگام سے احسن طریقے پر جاری ہے اور اب تک لگ بھگ پونے تین لاکھ یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے۔

دریں اثنا 7ہزار754شردھالوؤں پر مشتمل 12واں قافلہ آج صبح جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے وادی کی طرف روانہ کیاگیاہے، جن میں سے 2ہزار896بالتل جبکہ 4ہزار858یاتری پہلگام کے راستے سفر کررہے ہیں۔

اسی دروان آج صبح8بجے تک مزید2ہزار603یاتریوننے شیو لنگم کے درشن کئے۔

سوگ

بھارت نے سابق امیرِ قطر شیخ حمد بن خلیفہ الثانی کے انتقال پر آج ملک بھرمیں ایک روزہ قومی سوگ کا اعلان کیا ہے۔ ملک بھر میں تمام سرکاری عمارتوں پر قومی پرچم سرنگوں رہے گا اور ملک میں کوئی سرکاری تفریحی تقریب منعقد نہیں کی جائے گی۔

ادھر وزارت خارجہ کے ایک بیان کے مطابق پارلیمانی اور اقلیتی امور کے وزیر کرن رججو قطر کے دورے پر روانہ ہورہے ہیں، جہاں وہ بھارت کی طرف سے اظہار تعزیت کریں گے۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی 26 جولائی کو اپنے مقبول عام ریڈیو پروگرام"من کی بات"مینمختلف موضوعات پر اظہارخیال کریں گے۔

یہ اس ریڈیو پروگرام کا 136واں شمارہ ہوگا۔لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنی آراءاور اوپن فورم MyGov تجاویز24جولائی تک ٹول فری نمبر 1800-11-7800 نریندر مودی ایپ یا کے ذریعے بھیج سکتے ہیں۔اس کے علاوہ 1922 پر مسڈ کال دیکر ایس ایم ایس پر موصول ہونے والے لنک کو فالو کر کے اپنی آراءاور تجاویز براہ راست وزیر اعظم کو بھیجے جا سکتے ہیں۔

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے -

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 15 اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 4 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا بلٹن ختم ہوا

... خدا حافظ